مل بیٹھ کر مسئلہ کشمیر پر مشترکہ موقف اور پالیسی اختیار کریں تاکہ اہل پاکستان آزادی کشمیر کے سلسلہ میں اپنی قومی ذمہ داریوں کو صحیح طور پر ادا کر سکیں۔

جناب محمد مسعود اظہر کی گرفتاری

ماہنامہ صدائے مجاہد کراچی کے مدیر جناب محمد مسعود اظہر کو گزشتہ دنوں سری نگر میں گرفتار کر لیا گیا۔ وہ باقاعدہ ویزا پر بھارت گئے تھے اور مقبوضہ کشمیر کے حالات کا جائزہ لینے کے لیے وہاں پہنچے ہی تھے کہ گرفتار کر لیے گئے اور مبینہ طور پر انہیں تشدد کا نشانہ بنایا جا رہا ہے۔ مقبوضہ کشمیر یا دنیا کے کسی بھی خطہ میں حالات کا جائزہ لینا اور وہاں کی صورت حال سے اپنے قارئین کو باخبر رکھنا ہر صحافی کی پیشہ ورانہ ذمہ داری ہے اور کسی بھی صحافی کو اس کے اس حق سے محروم کرنا صحافت کے مسلم اصولوں کی خلاف ورزی ہے۔ ہم انسانی حقوق کے عالمی اداروں، مسلم حکومتوں اور بین الاقوامی پریس سے اپیل کرتے ہیں کہ وہ پاکستانی صحافی محمد مسعود اظہر کی گرفتاری کا نوٹس لیں اور انہیں بھارت کی مسلح فورسز کے تشدد سے بچانے اور ان کی رہائی کے لیے اپنا اثر و رسوخ استعمال کریں۔

ورلڈ اسلامک فورم کا دوسرا سالانہ بین الاقوامی سیمینار

۶ ر ۷ اگست ۱۹۹۴ء بروز ہفتہ و اتوار اسلامک سنٹر ریجنٹ پارک لندن میں منعقد ہوگا جس میں مختلف ممالک کے ممتاز دانش ور اور علماء کرام تعلیم اور میڈیا کے حوالہ سے اہل علم کی ذمہ داریوں پر روشنی ڈالیں گے اور ورلڈ اسلامک فورم کے آئندہ پروگرام کا اعلان کیا جائے گا، انشاء اللہ تعالیٰ۔

تفصیلی پروگرام کا اعلان آئندہ شمارہ میں ملاحظہ فرمائیں۔

(مولانا) محمد عیسیٰ منصوری سیکرٹری جنرل ورلڈ اسلامک فورم

71 DELAFIELD HOUSE CHRISTIAN STREET

LONDON E1 IQD (UK). TEL 071 265 1990